رفقك وفضلك وجمالك وجلالك وفوائد كرامتك فانك لا

اپنی مہربانی اور فضل سے اور جمال و جلال سے اور اپنی بزرگی کے فوائد سے کیونکہ تجھے نہیں پیش آتی

يعتريك لكثرة ما قد نشرت من العطايا عوائق البخل ولا ينقص

بکثرت عطیات کے پھیلاتے اور دینے سے بخل والی رکاوٹیں اور نہیں کم کرتی

جودك التقصير فى شكر نعمتك ولا تنفد خزائنك مواهبك المتسعة

تیرے جود و نوال کو تیرے شکر میں مخلوق کی کوتاہی اور نہیں ختم ہوتے تیرے خزانے اور وسیع عطیات

ولا تؤثر فى جودك العظيم منحك الفائقة الجميلة الجليلة الجزيلة

اور نہیں اثر انداز ہوتے تیرے عظیم جود و نوال میں تیرے فائق و جمیل اور جلیل و عظیم

الكثيرة ولا تخاف ضيم املاك فتكدى ولا يلحقك خوف عدم

اور کثیر عطیات اور تو نہیں خوفزدہ ہوتا فقر و فاقہ کے غلبہ و قہر سے تاکہ عطا میں سختی برتے۔ اور نہیں لاحق ہوتا تجھے مفلسی

فتنقص من جودك فيض فضلك اللهم صل وسلم على سيدنا

خوف تاکہ تو کم کرے اپنے جود و نوال میں اپنے فضل کا فیضان۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ جَمِیْعُ الرُّوْحَانِیَّاتِ وَالْجِسْمَانِیَّاتِ

محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر کہ تمام روحانی اور جسمانی مخلوق اس محبوب پر

فِدَاہُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

فدا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر

اَشْرَفِ الْوَسَآئِلِ وَلُطْفِكَ الشَّامِلِ الْكَامِلِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جو تمام وسائل سے بزرگ ہیں اور تیرا مجسم لطف و کرم ہیں جو محیط و کامل ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ جَمِیْعُ الْاَسْمَآءِ الشَّرِیْفَةِ

فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر کہ تمام شرافت و بزرگی والے نام انہیں

اَسْمَآءُ اِسْمِهٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

کے اسم مقدس کے اسماء ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ

مُحَمَّدِنِ الْمُثْبِتِ وَالْمَاحِیْ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

پر جو محبوب ثابت رکھنے والے اور مٹانے والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ یُحْیِ الْمَوْتٰی وَیَشْفِی الْمَرْضٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

محمدؐ پر جو محبوب مردوں کو زندہ فرماتے ہیں اور مریضوں کو شفا دیتے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ لَا یَسْئَلُ غَیْرَہٗ وَلَا یَرُدُّ السَّآئِلَ اَللّٰھُمَّ

محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب نہ غیر سے سوال کرتے ہیں اور نہ اپنے مسائل کو خالی لوٹاتے ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّجِیْبِ الْمُضْطَرِّیْنَ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو مجبوروں کی حاجات برلاتے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الشَّافِیْ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب شفا دینے

لِلْاَمْرَاضِ الْقَلْبِیَّةِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

والے ہیں قلبی امراض کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَحْبُوْبِ الْمُطْلَقِ وَالْحَبِیْبِ الْحَسِیْبِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ

محمدؐ پر جو کہ محبوب مطلق ہیں اور اعلیٰ حسب و مرتبہ والے حبیب ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ شَرَفِ شَرَآئِفِ الْاَوْصَافِ

سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب بزرگترین اوصاف کے لیے شرف محض ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَحْرِ الرَّحْمَةِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب رحمت کے سمندر

وَسَمَآءِ الْعَظَمَةِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

اور عظمت کے آسمان ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمد

مُحَمَّدٍ طَوْدِ الْجُوْدِ وَعَرْشِ النُّوْرِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

پر جو محبوب جود و نوال کے طور اور نور و ضیاء کے عرش ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صُوْرَتِكَ الْخَاصَّةِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو تیری (پیدا فرمودہ) مخصوص صورت ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صِفَتِكَ الذَّاتِیَّةِ الْقُدْمِیْ

فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب تیری مجسم صفت قدیمہ ذاتیہ ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ شُعَاعِ الذَّاتِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو مجسم شعاع ہیں ذات

الْقَدِیْمِیَّةِ السَّرْمَدِیَّةِ النُّوْرِیَّةِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

قدیمہ سرمدیہ نوریہ کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ اَفْلَاكِ الْوُجُوْدِ الْكُلِّیَّةِ الظُّهُوْرِیَّةِ اَللّٰھُمَّ

اور آل محمدؐ پر جو محبوب نور مجسم ہیں وجود کے افلاک کلیہ ظاہرہ کے لیے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ اِسْمُهٗ فَوْقَ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جس محبوب کا اسم مبارک

الْمُسَمَّيَاتِ وَاَشْرَفُ الْمَعَانِىْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

تمام اسماء والوں سے برتر ہے اور تمام معانی سے بزرگ و برتر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَرْزَخِ الْاَكْبَرِ وَعَيْنِ الْاَنْوَارِ اَللّٰهُمَّ

اور آل محمدؐ پر جو محبوب بہت بڑا واسطہ ہیں (مخلوق و خالق میں) اور بہت نورانی جوہر ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بَابِ الْاَبْوَابِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جو تمام ابواب خیر و رشد کے

وَرَئِيْسِ الْاَحْبَابِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

مبدأ اور محبوبانِ خداوندی کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُكَرَّمِ الْاَكْرَمِ وَ الْمُعَظَّمِ الْاَعْظَمِ اَللّٰهُمَّ

آل محمدؐ پر جو محبوب بہت عزت والے صاحب تکریم اور عظیم تر لائق تعظیم ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْاَبَرِّ الْاَكْرَمِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو محبوب سب سے زیادہ محسن و مکرم ہیں

الَّذِىْٓ اَنْقَذَنَا مِنَ الْبَطَالَةِ وَشَرَعَ لَنَا سَبِيْلَ النَّجَاةِ اَللّٰهُمَّ

جنہوں نے ہمیں بیہودگیوں سے بچایا اور نجات کی راہ واضح فرمائی۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْاَعْدَلِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب سب سے زیادہ عادل

الْاَحْلَمِ الَّذِىْ قَوَّمَنَا عَلَى الْمَحَجَّةِ الْبَيْضَآءِ وَهُوَ اَصْدَقُ

بردبار ہیں جنہوں نے ہمیں قائم فرمایا واضح راستہ پر اور وہ تمام انبیاء میں صدق کے اعلیٰ مقام صدق کے

الْاَنْبِيَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

اعلیٰ مقام پر ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَارِعِ الْبَصِيْرِ الَّذِىْ يَاْخُذُ بَيَانُهٗ بِمَجَامِعِ

آل پر جو فائق و برتر اور صاحب بصیرت ہیں کہ جن کا بیان پکڑ لیتا ہے دلوں کے

الْقُلُوْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

تمام اطراف و جوانب کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی

مُحَمَّدِنِ الْبَسَّامِ الْبَشِيْرِ الَّذِىْ يَجْلُوْ فَصْلُ خِطَابِهٖ عَنْ خَبَايَا

آل پر جو محبوب بہت تبسم فرمانے والے، بشارت دینے والے جن کا خطاب فیصل پردے ہٹاتا ہے غیوب میں

الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

چھپی اشیاء سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر

التَّذْكِرَةِ التَّقِيِّ الَّذِىْ نَفَذَ اَمْرُهٗ عَلَى الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ اَللّٰهُمَّ

جو محبوب کہ سراپا نصیحت، پرہیزگار ہیں، جن کا حکم ملک و ملکوت پر نافذ ہے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ التَّالِى التِّهَامِيِّ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب تلاوت فرمانے والے۔

الَّذِىْ بِيَدِهٖ مَفَاتِيْحُ الرَّحَمُوْتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

تہامہ والے ہیں جن کے ہاتھ میں رحمت کاملہ کی چابیاں ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الثَّابِتِ الثِّمَالِ الَّذِىْٓ اَمَرَهُ الْغَنَمُ اَنْ يَّتَشَفَّعَ لَمَّا

آل محمدؐ پر جو محبوب ثابت قدم اور فریادرس جنہیں بھیڑ بکریوں نے شفاعت کے لیے عرض کیا جب کہ

تَضَرَّعُوْا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الثَّاقِبِ

ان سے زاری کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر روشن

الْكَمَالِ الَّذِىْٓ اَقَامَ حُدُوْدَكَ وَوَفّٰى بِعُهُوْدِكَ مِنْ غَيْرِ التَّرَبُّثِ اَللّٰهُمَّ

اور گیرائی والے سراپا کمال جنہوں نے تیری مقرر فرمودہ حدود کو قائم کیا اور تیرے عہد و پیمانوں کو پورا فرمایا بغیر تاخیر کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْجَهْضَمِ الْجَلِيْلِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب شیر دل اور جلیل القدر ہیں

الَّذِىْ عَرَجَ السَّمٰوٰتِ بِاَقْصَى الْمَعَارِجِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جو چڑھے آسمانوں پر آخری درجہ تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْجَوَادِ الْجَمِيْلِ الَّذِىْ هَدَانَا اِلٰٓى اَقْرَبِ
محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب بہت صاحب جود اور جمیل ہیں جنہوں نے ہمیں ہدایت فرمائی قریب ترین
الْمَنَاهِجِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
راستہ کی طرف۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر
الْحَافِظِ الْحَفِيِّ الَّذِىْ تَهَمَّتْ فِىْ طَلْعَتِهٖ نَوَاظِرُ الْاَرْوَاحِ اَللّٰهُمَّ
جو محبوب حفاظت فرمانے والے اور شفیق ہیں جن کے دیدار میں ارواح کی آنکھیں حیرت زدہ ہوتی ہیں۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْجَلَاجِلِ الْحَرَمِيِّ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب منصور سے لگن والے اور حرم
الَّذِىْ تَشَوَّقَتْ اِلٰى صُوْرَتِهٖ بَصَآئِرُ الْاَشْبَاحِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
والے ہیں جن کی صورت زیبا کی طرف اجسام واشباح کی نگاہیں مشتاق ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْخَاتَمِ الْخَاشِعِ الَّذِىْ
فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو آخری نبی، صاحب خشوع ہیں کہ جن کا رعب و دبدبہ
يُنَكِّسُ رُعْبُهُ الْاَعْنَاقَ مَهْمَا تَزَمْخَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
جھکا دیتا ہے گردنوں کو جب کبھی تکبیر کریں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْخَلِيْلِ الْخَاضِعِ الَّذِىْ يَعْلُوْ اَسَاسُ
محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو صاحب خضوع خلیل خداوند تعالیٰ ہیں جن کی شریعت کی بنیاد واساس
شَرِيْعَتِهٖ وَيَشْمَخُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
بلند و بالا ہوتی رہے گی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آل
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الدَّامِغِ الدَّاعِى الَّذِىْ بِبَاهِرِ اٰيَاتِهٖ اَضَاءَتِ الْاَغْوَارُ وَ
محمدؐ پر جو محبوب باطل کو مٹانے والے ہیں اور حق کی دعوت دینے والے ہیں جن کی روشن آیات سے نشیب و فراز
الْاَنْجَادُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
روشن ہو گئے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر

الدَّلِيْلِ الدَّانِى الَّذِىْ رَفَعَ لِوَآءَ الْحَقِّ وَاَشَادَ وَقَمَعَ الْبَاطِلَ وَقَمَعَ
جو محبوب مجسم قریب ترین دلیل حق ہیں جنہوں نے بلند کیا حق کا علم اور مضبوط کیا اور باطل کو اکھیڑا اور اسے مغلوب کیا۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الذَّاكِرِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جو محبوب ذکر کرنے والے
ذِى التُّقٰى الَّذِىْ نَجَّانَا مِنْ عِبَادَةِ الْاَوْثَانِ وَاَنْقَذَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
صاحب تقویٰ ہیں جنہوں نے ہمیں بتوں کی عبادت سے نجات دی اور بچا لیا۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الذُّخْرِ ذِى النَّدَى الَّذِىْ
سیّدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو مجسم ذخیرہ صاحب جود و سخا ہیں جنہوں نے
اَمْضٰى حُكْمَهٗ عَلَى الثَّقَلَيْنِ وَاَنْفَذَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
اپنا حکم جن وانس پر جاری کیا اور نافذ فرمایا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الرَّسُوْلِ الرَّفِيْعِ الَّذِىْ اَشْرَقَ
محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو بلند مرتبت رسول ہیں کہ جگمگا اٹھے ان کے
بِشُعَاعِ سِرِّهِ الْاَسْرَارُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى
راز مخفی کی شعاع سے اسرار۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الرَّءُوْفِ الرَّحِيْمِ الَّذِىْ فَاضَتْ مِنْ نُّوْرِهٖ
آل محمدؐ پر جو وزنی اور باوقار مہربان ہیں کہ جاری ہوئے ان کے نور سے
جَمِيْعُ الْاَنْوَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
تمام انوار۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آل
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الزَّاهِدِ الظَّاهِرِ الَّذِىْ شَقَّ الْقَمَرَ بِاِصْبَعِ الْاِعْجَازِ
محمدؐ پر جو زاہد و طاہر ہیں جنہوں نے چاند کو چیرا اپنی معجز نما انگلی سے۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ

مُحَمَّدِنِ الزَّاكِی الزَّاجِرِ الَّذِیْ طَلَعَ ذُكَاءُ وُجُوْدِهٖ مِنْ سَمَآءِ

پر جو پاکیزہ، برائیوں سے جھڑکنے والے ہیں جن کے وجود کا نور طلوع ہوا حجاز کے

الْحِجَازِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

آسمان سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور آل محمّد

مُحَمَّدِنِ السَّابِقِ السَّدِيْدِ الَّذِیْ مَآ اَرْسَلْتَهٗ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ

پر جو محبوب سب سے سبقت والے، پختہ کار ہیں جنہوں تونے مبعوث فرمایا تمام انسانوں کی طرف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور آل محمّد پر

السُّلْطَانِ السَّعِيْدِ الَّذِیْ شَرَحْتَ صَدْرَهٗ وَطَهَّرْتَهٗ مِنَ

جو محبوب سعادت مند سلطان ہیں جن کا تونے سینہ کشادہ فرمایا اور انہیں ہر قسم کی میل و کچیل اور

الْاَدْنَاسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

پلیدیوں سے پاک پیدا کیا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الشَّكُوْرِ الشَّارِعِ الَّذِیْٓ اَنْبَثَّ طِيْبُ كَمَالِهٖ

محمّد پر جو محبوب بہت شکر گزار، صاحب شرع ہیں جن کے کمال کی خوشبو پھیلی

مِنَ الْفَرْشِ اِلَى الْعَرْشِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

فرش زمین سے عرش بریں تک اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ طَاطَاَتْ دُوْنَ سُرَادِقَاتِ جَلَالِهٖ جِبَاهُ

آل محمّد پر کہ جھک گئیں ان کے جاہ و جلال کے سرا پردوں کے سامنے جبینیں

الْاِنْسِ الصَّدُوْقِ وَالْوَحْشِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

سچے انسانوں اور جنگلی جانوروں کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الصَّادِقِ الَّذِیْ كَسَّرَ جَنَاحَ غِرْبَانِ

محمّدؐ پر اور آل محمّد پر جس سچے رسول نے توڑ دئیے بازو شرک کے سیاہ کووں کے

الشِّرْكِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور آل محمّد

مُحَمَّدِنِ الصَّبُوْرِ الَّذِیْ وَجَبَ الْعَمَلُ بِمَا حَكَمَ وَنَصَّ

پر جو محبوب بہت صابر ہیں اور واجب ہے عمل ساتھ ہر اس امر کے جس کا حکم دیں اور تنصیص فرمادیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور آل محمّد پر

الضَّابِطِ الضَّارِعِ الَّذِیْٓ اَطَاعَهٗ اَهْلُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

جو محبوب ضبط والے اور تضرع والے ہیں جن کی اطاعت کی تمام آسمانوں اور زمین والوں نے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور آل محمّد پر

الضَّيْغَمِ الضِّيَآءِ الَّذِیْ لَا يَهْتِكُ عِرْضَنَا بِالْاِنْعِطَافِ يَوْمَ

جو محبوب اللہ کے شیر اور ضیاء مجسم ہیں کہ جو ہماری ہتک عزت نہیں فرمائیں گے منہ موڑ کر اللہ کے حضور

الْعَرْضِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

پیشی کے دن۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور آل محمّد

مُحَمَّدِنِ الطَّيِّبِ الَّذِیْ جُمِعَ فِيْهِ مِنَ الْمَحَاسِنِ مَا لَمْ يُجْمَعْ فِیْٓ اَحَدٍ

پر جو محبوب طیب و پاکیزہ ہیں جن میں ایسے محاسن و کمالات جمع کردئے گئے ہیں جو کبھی کسی میں جمع نہیں

قَطُّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

کئے گئے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور آل محمّد پر

طٰهٰ الطِّرَازِ الَّذِیْٓ اَحَاطَ الْاٰفَاقَ ذِكْرُهُ الْمُنَشِّطُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

جو طٰہٰ اور نقش و نگار فطرت ہیں کہ آفاق کو محیط ہے ان کا فرحت انگیز ذکر۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الظَّاهِرِ الظَّفُوْرِ

و سلام نازل فرما سیّدنا محمّدؐ پر اور آل محمّد پر جو محبوب ظاہر اور بہت کامیاب ہیں

الَّذِی یَخْرُجُ النُّوْرُ مِنْ فِیْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

(بوقت تکلم) جن کے منہ مبارک سے نور نمودار ہوتا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الظَّرِیْفِ الظُّهُوْرِ الَّذِی لَا یَغْضَبُ عَلٰی

اور آل محمّد پر جو محبوب انتہائی زیرک، بہت نمایاں جو کسی پر غضبناک نہیں ہوتے

اَحَدٍ لِّنَفْسِهٖ وَلَا یَتَغَیَّظُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

تھے اور نہ قہر و غیظ فرماتے اپنی ذات کی وجہ سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْعَفِیْفِ الْعَافِی الَّذِی دَعَی النَّاسَ اِلٰی

آل محمّد پر جو محبوب عفت مآب، صاحب عفو و در گزر ہیں جنہوں نے لوگوں کو دعوت دی

اَوْضَحِ الشَّرَآئِعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

واضح ترین شریعت کی طرف۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آل محمّد

مُحَمَّدِنِ الْعَزِیْزِ الْعَالِی الَّذِیْ اٰمَنُوْا بِهٖ مِنْ حُلُوْلِ الْفَجَآئِعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

پر جو محبوب عزیز تر، بلند مرتبت ہیں جن کی بدولت لوگ امن وامان میں ہوگئے مصائب و حوادث کے پیش آنے سے۔ اے اللہ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْغَیْثِ الْغِیَاثِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آل محمّد پر جو باران رحمت فریادرس ہیں

الَّذِیْ کَرَّمْتَهٗ بِالْوَحْیِ وَالتَّبْلِیْغِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

جنہیں تونے مکرم فرمایا وحی رسالت اور تبلیغ احکام کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْغَالِبِ الْغَفُوْرِ الَّذِیْ اَرْسَلْتَهٗ بِالْفُرْقَانِ

محمّد پر اور آل محمّد پر جو غالب، بخشنے والے ہیں۔ جنہیں مبعوث فرمایا تونے ساتھ

الْمُعْجِزِ الْبَلِیْغِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

معجز و بلیغ قرآن کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آل

مُحَمَّدِنِ الْفَخْمِ الْفَتَّاحِ الَّذِیْ تَعَلَّقَتِ الْوُحُوْشُ بِذَیْلِهِ الشَّرِیْفِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محمّد پر جو محبوب عظیم الشان، مشکلات حل کرنے والے ہیں کہ جنگلی جانور بھی ان کے دامن شریف کا سہارا لیتے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْفَآئِقِ الْفَلَاحِ الَّذِیْ

و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آل محمّد پر جو محبوب بلند مرتبت مجسم فلاح و کامرانی ہیں

اِخْضَرَّتِ الْاَشْجَارُ مِنْ بَقِیَّةِ وَضُوْئِهِ الْمُنِیْفِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کہ سرسبز و شاداب ہوگئے درخت ان کے وضو مبارک کے بچے پانی سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَانِتِ الْقُرَیْشِیِّ

فرما سیّدنا محمّد پر اور آل محمّد پر جو محبوب عبادت گزار۔ قریشی ہیں

الَّذِیْ تَبَدَّتْ اَرْقَامُ اٰیَاتِهٖ عَلٰی صَفَحَاتِ الْاَنْفُسِ وَالْاٰفَاقِ

جن کی آیات صدق کے نقوش ہویدا ہوئے نفوس اور آفاق کے صفحات پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آل محمّد پر

الْقَآئِدِ الْقَوِیِّ الَّذِیْ بَعَثْتَهٗ لِهِدَایَةِ الْخَلْقِ وَتَتْمِیْمِ مَکَارِمِ

جو محبوب قائد اور قوی و توانا ہیں جنہیں تونے مبعوث فرمایا مخلوق کی ہدایت اور اعلیٰ اخلاق کی

الْاَخْلَاقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

تکمیل کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آل محمّد پر

الْکَامِلِ الْکَلِیْمِ الَّذِیْ لَوْلَاهُ لَمَا خُلِقَتِ الْاَفْلَاکُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جو کامل اور کلیم خداوند تعالیٰ ہیں کہ اگر وہ موجود نہ ہوتے تو افلاک پیدا نہ کیے جاتے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْکَافِلِ الْکَرِیْمِ الَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ

فرما سیّدنا محمّد پر اور آل محمّد پر جو محبوب کفالت فرمانے والے صاحب کرم عمیم ہیں کہ جنہیں تونے

عَلَی الرُّسُلِ وَالْاَمْلَاکِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

فضیلت بخشی تمام رسل اور ملائکہ پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ اللَّوْذَعِیِّ اللَّسِنِ الَّذِیْ جَاهَدَ فِیْ سَبِیْلِكَ

اور آل محمّد پر جو محبوب تیز فہم اور فصیح اللسان ہیں کہ جنہوں نے تیری راہ میں جہاد کیا

بِالْقَوْلِ وَالْعَمَلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

قول و فعل کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ اللَّبِيْبِ اللَّيِّنِ الَّذِىْ جَآءَ حِيْنَ فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ وَ

محمد پر وہ محبوب جو سراپا عقلمندی اور نرم خو ہیں جو تشریف لائے سلسلۂ رسل کے انقطاع کے بعد اور

دُرُوْسٍ مِّنَ السُّبُلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

راست راہوں کے نشانات مٹ جانے پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الْمَامُوْنِ الْمُصْطَفَى الَّذِىْ جَآءَ بِبَدَآئِعِ

آل محمد پر جو مامون و مصطفےٰ ہیں جو لے آئے انوکھی حکمتیں

الْحِكَمِ فَاَطْفَا بِهَا الْحُمَمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پس بجھایا ساتھ ان کے دوزخ کے انگاروں کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الْمَعْصُوْمِ الْمُجْتَبَى الَّذِىْ اُوْتِىَ جَوَامِعَ

اور آل محمد پر جو محبوب معصوم و مجتبیٰ ہیں جنہیں عطا کئے گئے جامع

الْكَلِمِ فَاَهْدٰى بِهَا الْاُمَمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کلمات پس انہوں نے ہدایت دی ساتھ ان کے اُمتوں کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ النَّبِىِّ النَّاشِرِ الَّذِىْ اتَّسَقَ بِهِ الدِّيْنُ وَ

اور آل محمد پر جو (احکام شرع) نشر کرنے والے نبی ہیں جن کی بدولت دین انتظام پذیر ہوا اور

دَرَّتْ بِهٖ شَوَارِقُ الْيَقِيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بہنے لگے یقین کے روشن انوار۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ التَّقِىِّ النَّاصِرِ الَّذِىْ قُلْتَ فِيْهِ وَمَآ

اور آل محمد پر جو متقی و مددگار ہیں جن کے حق میں تو نے فرمایا "اور نہیں

اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

بھیجا ہم نے آپ کو مگر سراپا رحمت واسطے تمام جہانوں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الْوَرِعِ الْوَلِىِّ الَّذِىْ تَزِيْدُ نُعُوْتُهٗ عَنْ

محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب پرہیزگار اور متولیٔ امور خلائق ہیں جن کی نعتیں اور اوصاف کمال حدبندی

حَدِّ الْحَصْرِ وَتَرْبِىْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

و احاطہ سے باہر اور بالاتر ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الْوَحِيْدِ الْوَفِىِّ الَّذِىْ يَصْفَحُ عَنْ اٰثَامِنَا وَيَعْفُوْ عَنْ

محمد پر جو محبوب یکتا، اور صاحب ایفاء ہیں جو ہمارے گناہوں سے درگزر فرماتے ہیں اور ہماری برائیوں سے

سَيِّئَاتِنَا اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ بِيَدِهِ الْمِيْزَانُ لِاِظْهَارِ الْقِسْطِ وَالتَّكْمِيْلِ وَ

عفو فرماتے ہیں۔ اے اللہ، اے کہ جس کے ہاتھ میں ترازو ہے عدل اور کمال کے اظہار کے لیے اور

الْحُجَّةِ وَالْبُرْهَانِ وَالسُّلْطَانِ لِانْتِسَابِ سِرِّ الْمَوْصُوْلِ وَالتَّوْصِيْلِ

حجت و برہان اور غلبہ و تسلط کے اظہار کے لیے واسطے نسبت دینے موصول اور وصل دینے کے راز کو

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَلَا مَعْبُوْدَ سِوَاكَ بِحَقِّ الْاَسْمَآءِ

اے اللہ تو ہی اللہ ہے کہ نہیں معبود برحق مگر تو، نہیں معبود سوائے تیرے بطفیل عظیم تر اسماء

الْعِظَامِ اللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ ط اَسْاَلُكَ بِعِزَّتِكَ وَاسْتِوَآئِكَ عَلٰى

اللہ، علی، عظیم کے۔ میں سوال کرتا ہوں بطفیل تیری عزت کے اور غلبہ کے اُوپر

عَرْشِكَ اَنْ تَقْضِىَ حَاجَتِىْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ فَاِنَّكَ

اپنے عرش اعظم کے کہ میری حاجت بر لائے، بیشک تو ہر شئے پر کامل دسترس والا ہے۔ پس تو

تَقْضِىْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ يَا اَللّٰهُ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اِحْتَجَبْتَ

فیصلہ و حکم نافذ کرتا ہے تجھ پر فیصلہ نافذ نہیں کیا جا سکتا۔ اے اللہ تو اللہ ہے کہ نہیں معبود برحق مگر تو، تو نظروں کی پہنچ سے ماوراء ہے

فَلَا تُرٰى وَلَا يُدْرَكُ نُوْرُكَ اٰمَنْتُ بِكَ وَتَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ اَنْتَ

دیکھا نہیں جا سکتا اور نہیں احاطہ کیا جا سکتا تیرے نور کا۔ میں تیرے ساتھ ایمان لایا اور تجھ پر توکل کیا، تو اللہ

اللّٰهُ الَّذِىْ يَتَذَلَّلُ لَكَ جَمِيْعُ خَلْقِكَ وَيَخْضَعُ لَكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْقَاهِرُ

ہے کہ تواضع اور انکساری کرتی ہے تیرے لیے ساری مخلوق۔ تو اللہ ہے قاہر و غالب

الرَّفِيعُ جَلَالُكَ تَعَالَيْتَ فَوْقَ عَرْشِكَ فَلَا يُوصَفُ مِنْ عَظَمَتِكَ

اور بلند ہے جلال تیرا، تو بلند و برتر ہے اپنے عرش سے اُوپر پس نہیں بیان کی جاسکتی تیری عظمت

شَيْءٌ بِشَيْءٍ إِلَّا بِنُورِ مَعْرِفَتِكَ قَدِ اسْتَنَارَ مِنْ نُورِكَ أَهْلُ

ذرہ بھر ساتھ کسی لفظ کے مگر ساتھ تیرے نورِ معرفت کے۔ تحقیق روشن ہو گئے تیرے نور سے

السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ يَا أَللّٰهُ تَعَالَيْتَ أَنْ يَكُونَ لَكَ شَرِيكٌ يَا نُورَ

تمام آسمانوں اور زمین والے، اے اللہ تو بلند تر ہے اس سے کہ ہو تیرے لیے شریک اے نور کو

النُّورِ يَحْمَدُ لِنُورِكَ كُلُّ نُورٍ يَا مَالِكُ وَكُلٌّ يَفْنٰى وَأَنْتَ الْبَاقِي

نور بنانے والے ثناء کرتا ہے تیرے نور کی ہر نور، اے مالک، ہر شئی فنا ہو جائے گی اور تو ہی باقی رہے گا

لَا تَحُولُ وَلَا تَزُولُ يَا أَللّٰهُ بِرَحْمَتِكَ تُطْفِئُ عَنِّي غَضَبَكَ وَ

نہ تو متغیر ہوتا ہے اور نہ زائل ہوتا ہے۔ اے اللہ اپنی رحمت کے ساتھ بجھا دے مجھ سے اپنا غضب اور

سَخَطَكَ وَتَرْزُقُنِي بِهَا سَعَادَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَأَنْ تُسْكِنَنِي

ناراضگی اور نصیب فرما مجھے بطفیل اس کے سعادت اپنے پاس سے اور مجھے ٹھہرا

جَنَّتَكَ الَّتِي أَسْكَنْتَهَا الْخِيَرَةَ مِنْ خَلْقِكَ يَا أَللّٰهُ أَسْئَلُكَ يَا

اپنی جنّت میں جس میں ٹھہرانے کا فیصلہ فرمایا ہے تو نے اپنے چنے ہوئے افرادِ خلق کے لیے۔ اے اللہ میں سوال کرتا

نُورَ الْأَنْوَارِ اللَّاهُوتِيَّةِ قَبْلَ الدُّهُورِ وَالْأَزْمَانِ الْفَانِيَةِ

ہوں اے انوارِ لاہوتیہ کے نور جو پہلے ہے دہروں اور فانی زمانوں سے پیدا

الْجَوَاهِرَ الْفَعَّالَ بِلَا مِثَالٍ الْقُدُّوسَ الطَّاهِرَ الْعَلِيَّ الْقَاهِرَ

کرنے والا ہے جواہر کا بغیر مثال سابق کے، قدوس و طاہر، عالی شان و قاہر ہے

الَّذِي لَا يُحِيطُ بِهٖ مَكَانٌ وَّلَا يَشْتَمِلُ عَلَيْهِ زَمَانٌ يَا مُكَوِّنَ الْأَمْكِنَةِ

جس کا احاطہ نہیں کر سکتا مکان اور نہ اس پر مشتمل ہو سکتا ہے کوئی زمان، اے بنانے والے مکانوں

وَالْأَزْمَانِ وَالْأَوْقَاتِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَأَنْ تَجْعَلَنِي رَاجِعًا إِلَيْكَ

اور زمانوں کے اور اوقات کے بابرکت و بلند مرتبت (سوال کرتا ہوں تجھ سے) کہ بنائے مجھے اپنی طرف رجوع

بِحُسْنِ الْقَصْدِ مُحَافِظًا عَلَى الرُّشْدِ يَا رَبِّ أَلْبِسْنِي مِنْكَ حَيٰوةَ

کرنے والا ساتھ اچھے ارادے کے، محافظت کرنے والا رشد و بھلائی پر۔ اے رب مجھے پہنا ارواح روحانیہ

الْأَرْوَاحِ الرُّوحَانِيَّةِ فَلَا تُطِيقُ الْكَرُّوبِيُّونَ تَرْفَعُ وُجُوهَهُمْ مِنْ

کی حیات والی خلعت پس نہ طاقت رکھیں کروبی ملائکہ کہ اُٹھائیں اپنے چہرے تیرے

حُجُبِ نُورِكَ اَللّٰهُمَّ يَا عَظِيمُ أَسْئَلُكَ أَنْ تَرْفَعَ ذِكْرِي وَأَسْئَلُكَ

نورانی حجابات کی وجہ سے۔ اے اللہ، اے عظیم میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ بلند فرمائے میرے ذکر کو میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

بِأَوَّلِ الدَّيْمُومِيَّةِ وَبِعَظِيمِ قُدْرَةِ الْأُلُوهِيَّةِ وَبِسَطْوَةِ الرُّبُوبِيَّةِ

تیرے دوام کی ابتداء کے طفیل اور الوہیت والی عظیم قدرت اور ربوبیت والی سطوت کے طفیل

أَنْ تُخَلِّصَنِي مِنْ بَحْرِ هٰذِهِ الْخَلِيقَةِ الْفَانِيَةِ وَتُطْلِعَنِي عَلَى الْأَسْرَارِ

کہ مجھے خلاصی بخشے اس فانی مخلوق کے سمندر سے اور مجھے مطلع فرمائے مخلوقات سے چھپے اسرار

الْخَفِيَّةِ عَنِ الْبَرِيَّةِ الْمُتَفَضَّلِ بِهَا عَلٰى عِبَادِكَ الْمَرْضِيَّةِ الطَّالِبِينَ

ہر جن کے ساتھ مہربانی کی گئی تیرے پسندیدہ بندوں پر جو طلب گار ہیں

دَارَ الْبَقَاءِ وَالتَّارِكِينَ دَارَ الْفَنَاءِ الْمُجَانِسِينَ لِلْأَرْوَاحِ الطَّاهِرَةِ اَللّٰهُمَّ

دارِ بقاء (جنت) کے اور ترک کرنے والے ہیں دار فناء کو ہمجنس ہیں ارواح طاہرہ کے۔ اے اللہ

اصْرِفْ عَنِّي الْأَمْرَاضَ الْفَانِيَةَ بِبَدِيعِ قُدْرَتِكَ وَعَظِيمِ شَانِكَ

پھیر دے مجھ سے فانی امراض کو اپنی انوکھی قدرت اور عظیم شان کے ساتھ

وَنَوِّرْ وَجْهِي فِي قُدُّوسِ أَنْوَارِكَ وَأَفْرِدْنِي مَعَ الْأَفْرَادِ وَاعْصِمْنِي

اور منور فرما میرے چہرہ کو اپنے انوار مقدسہ میں اور مجھے یکتائے روزگار بنا ساتھ یکتائے زمانہ لوگوں کے اور مجھے محفوظ رکھ

مِنْ مُقَارَنَةِ الْأَفْرَادِ وَمُشَارَكَةِ الْأَضْدَادِ وَأَطْلِعْنِي عَلَى اللَّطَائِفِ

عام افراد کے میل جول سے اور اپنے مخالفین کے ساتھ مشارکت سے اور مجھے مطلع فرما مخفی لطائف

الْخَفِيَّةِ يَا مَنْ تَرَدّٰى بِالْبَقَاءِ وَالْكِبْرِيَاءِ يَا عَالِي يَا مُتَعَالِي يَا أَوَّلَ

پر اے کہ جس نے چادر اوڑھی ہے بقاء و کبریائی والی۔ اے بلند شان، اے مرتبت بالا کے ظاہر کرنے والے۔ اے سب سے

الاولین اللّٰھم انی اسئلك یا من بیدك ینبوع حیاۃ کل شیء
اول ۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے کہ جس کے دست قدرت میں ہے ہر شئ کی زندگانی کا سرچشمہ،
اسئلك بنفحات اسرار انوار اسمائك علما ونورنی ببھاء اشراق
میں سوال کرتا ہوں تجھ سے علم کا بطفیل تیرے، اسماء کے انوار کے اسرار کی مہکوں کے اور مجھے منور فرما اپنے عرش کے روشن نور
عرشك وبما اودعتہ فی اللوح المحفوظ عندك من اسرار اسمائك و
کے ساتھ اور بطفیل ان اسرار اسماء کے جنہیں تو نے ودیعت فرمایا اپنے ہاں لوح محفوظ میں اور بطفیل ان اسماء کے جن کا الہام فرمایا اور
بما الھمتہ وعلمتہ لادم ابی البشر وقلت فی کلامك الانور الذی
تعلیم دی ابو البشر آدم علیہ السلام کو اور فرمایا تو نے اس نورانی کلام میں جس کو
انزلتہ علی حبیبك المظھر وعلم ادم الاسماء کلھا واسئلك بجلالك
نازل فرمایا اپنے مظہر و حبیب مکرم پر" اور سکھلادئے اللہ نے آدم کو اسماء تمام تر" اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے
وجمال کمال بھاء نورہ وجھك الاکرم العظیم الانور الاقدس وبما
بطفیل تیرے جلال و جمال کمال و نورانیت ذات کریم عظیم و انور و اقدس کے اور بطفیل
اودعتہ من انوارك فی قلب الشمس والقمر وبحق ھذہ الاسماء
ان انوار کے جنہیں تو نے ودیعت فرمایا شمس و قمر کے قلب میں اور بطفیل ان اسماء
الجلیلۃ ھو ھو ھو ھو احفظنی من بلاء الدنیا وعذاب الاخرۃ ولا تبدل
جلیلہ کے یعنی ہو ہو ہو ہو مجھے محفوظ فرما دُنیا کی بلیات اور آخرت کے عذاب سے اور نہ تبدیل فرمانا
اسمی ولا تغیر جسمی وروحی ولا تفرق بینی وبین نبیك محمد صلی
میرے نام کو اور نہ متغیر فرمانا میرے جسم اور روح کو اور نہ جدائی پیدا فرمانا میرے اور اپنے نبی محمد صلی
اللّٰہ علیہ وسلم اللّٰھم انت الرب الاکرم الاعلی الحافظ الخلاق الساتر
اللہ علیہ وسلم کے درمیان ۔ اے اللہ تو ہی اللہ ہے، پروردگار عالمین، اکرم و اعلیٰ، محافظ، بہت پیدا کرنے والا، پردہ پوش
الستار الشاکر العادل العالم العلام الغالب النازل الفارق القدیر القریب
بہت پردہ پوشی فرمانے والا، شکر کی جزاء دینے والا، صاحب عدل، صاحب علم، بہت علم والا، غالب، نزول فرمانیوالا، تجلی خاص کے ذریعے حق و باطل میں فرق پیدا کرنیوالا

القاھر الکفیل الکافی المنیر المحیط الملك المولی النصیر احکم
قدیر۔ قریب۔ قاہر۔ کفیل و ذمہ دار۔ کفایت کرنے والا، منیر، محیط، شہنشاہ، مددگار، نصیر، سب سے بڑا حاکم،
الحاکمین ارحم الراحمین احسن الخالقین ذو الطول ذو القوۃ ذو
سب سے زیادہ رحیم، بہترین خالق، غنی، قوی، بلند
المعارج ذو العرش رفیع الدرجات غافر الذنوب قابل التوب فعال
مراتب والا۔ مالک عرش، بلند درجات والا۔ گناہ بخشنے والا۔ توبہ قبول کرنے والا، اپنے
لما یرید مخرج الحی من المیت اللّٰھم یا کثیر النوال ویا دائم الوصال و
ارادوں کے مطابق کر گزرنے والا۔ زندہ کو میت سے برآمد کرنے والا۔ اے اللہ، اے بہت جود و نوال والے۔ اے دائمی وصال والے
یا حسن الفعال ویا رازق العباد علی کل حال اللّٰھم اعطنی سمعا
اے حسین افعال والے، اے بندوں کو ہر حال میں رزق دینے والے ۔ اے اللہ مجھے وہ کان عطا فرما
یسمع ایاتك وعقلا یفھم ایمانك وبصرا یری قدرتك وفؤادا
جو تیری آیات کو سُنیں اور وہ عقل جو سمجھے تیرے عطا کردہ ایمان کو اور نگاہ جو دیکھے تیری قدرت کو اور وہ دل
یعرف عظمتك وقلبا یعتقد توحیدك وسیرا یتیسر باسرارك ونورا
جو پہچانے تیری عظمت کو اور وہ قلب جو اعتقاد رکھے تیری توحید کا اور وہ سیر جو چلائے تیرے اسرار کے ساتھ اور وہ
یتنور بعرفانك وحالا یتصور بخیالك وخیالا یتوصل بوصل
نور جو منوّر ہو تیرے عرفان کے ساتھ اور وہ حال جو متصور و متشکل ہو تیرے خیال کے ساتھ اور وہ خیال جو واصل ہو تیری
اصلك واجعلنی فی ولایۃ عصمتك ودرایۃ عظمتك وبدایۃ وسمتك
ذات تک اور بنا مجھے اپنی عصمت کے تصرف میں اور عظمت کی درایت و سوجھ بوجھ میں اور حسن کی ابتداء میں
ونھایۃ قربتك ما لا یسعہ الا اللّٰہ ولا یصیغہ الا اللّٰہ ولا یرسلہ الا
اور قربت کی انتہاء میں جس کی گنجائش نہیں رکھتا مگر اللہ اور جسے نہیں ڈھال سکتا مگر اللہ اور نہیں چھوڑ سکتا مگر
اللّٰہ ولا یصیبہ الا اللّٰہ ولا یدرکہ الا اللّٰہ ولا یوصلہ الا اللّٰہ ولا
اللہ اور نہیں پا سکتا مگر اللہ اور نہیں احاطہ کر سکتا مگر اللہ اور نہیں واصل کر سکتا مگر اللہ اور جس کی

مَعِيَّتُهٗ اِلَّا اللّٰهُ يَا رَبِّ اَكْرِمْنِىْ بِشُهُوْدِ اَنْوَارِ قُدْسِكَ وَ اَيِّدْنِىْ

معیت کسی کو حاصل نہیں سوائے اللہ کے۔ اے اللہ مجھے عزت بخش اپنے انوار قدس کے مشاہدہ کے ساتھ اور مجھے تقویت بخش

بِظُهُوْرِ سَطْوَاتِ اُنْسِكَ حَتّٰى اَنْقَلَ فِىْ سُبُحَاتِ مَعَارِفِ اَسْمَآئِكَ وَ

اپنے انس کے غلبوں کے ظہور کے ساتھ حتّٰی کہ میں چلوں پھروں تیرے اسماء کے انوار معارف میں اور مجھے

اَطْلِعْنِىْ عَلٰى اَسْرَارِ ذَرَّاتِ وُجُوْدِكَ فِىْ مَعَالِمِ الشَّوَاهِدِ اللَّاهُوْتِ وَ

مطلع فرما اپنے وجود کے اسرارِ ذات پر عالم تجرد اور عالم اجسام کے شواہد و علامات کے مقامات علم

النَّاسُوْتِ وَعَرِّفْنِىْ مَعْرِفَةً تَامَّةً فِىْ حِكْمَتِكَ وَعِلْمِكَ حَتّٰى لَا يَبْقٰى

وعرفان میں اور مجھے عطا فرما معرفت کاملہ اپنے علم و حکمت کی حتّٰی کہ نہ باقی رہے مجھ سے

لِىْ مَعْلُوْمُ الْاَوَّلِ وَاَطْلِعْ عَلٰى دَقَآئِقِ الْمُنْبَسِطِ فِى الْمَوْجُوْدَاتِ وَ

کوئی معلوم اوّل و قدیم اور مجھے مطلع فرما موجودات میں پھیلے ہوئے (اپنے راز وجود کے) دقائق پر اور

اذْهَبْ بِهَا ظُلْمَةَ الْعَوَائِقِ عَنْ اِدْرَاكِ حَقَآئِقِ الْاِيْمَانِ وَتَقَرَّبْ

دور فرما بطفیل اس کے موانع کی ظلمت حقائق ایمانی کے ادراک سے اور قریب ہو

مَا فِى الْقُبُوْرِ وَالْاَرْوَاحِ بِمُهْجَاتِ الْمَحَبَّةِ وَالْوِدَادِ وَالرُّشْدِ وَالْاِرْشَادِ

اہلِ قبور اور ارواح کے ساتھ محبّت و مودت اور رشد و ارشاد والی روحوں کے ساتھ

اِنَّكَ اَنْتَ الْمُجِيْبُ وَالْمُحِبُّ وَالْمَحْبُوْبُ وَالطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ يَا مُقَلِّبَ

بیشک تو ہی دُعائیں قبول کرنے والا۔ محبّت و محبوب اور طالب و مطلوب ہے۔ اے دلوں میں تبدیلی

الْقُلُوْبِ وَكَاشِفَ الْكُرُوْبِ وَيَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنَا

پیدا کرنے والے، مصائب دور کرنے والے اور اے حیرت زدگان کے رہبر و رہنما۔ اے اللہ نہ بنا ہمیں

بَيْنَ النَّاسِ مَعْذُوْرِيْنَ وَلَا عَنْ خِدْمَتِكَ مَهْجُوْرِيْنَ وَلَا بِنِعْمَتِكَ

معذور اور نہ اپنی خدمت و طاعت سے محروم اور نہ اپنی نعمتوں کی وجہ سے

مُسْتَدْرِجِيْنَ وَلَا مِنَ الدُّنْيَا مَاكُوْلِيْنَ الْاٰكِلِيْنَ اَمْوَالَ الدُّنْيَا وَالدِّيْنِ

درجہ بدرجہ مبتلائے اور سزاوار انتقام اور نہ دُنیا سے کھاتے ہوئے (مال کی مانند) اور نہ کھانے والے دنیا و دین کے اموال

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَغْرَقَ الْمُحِبِّيْنَ مَوْجًا فِىْ بَحْرِ الْمَعْرِفَةِ وَالشَّوْقِ

تمام حمدیں ہیں اللہ کے لیے جس نے غرق فرمایا اپنے اہل محبّت کو معرفت و شوق کے سمندر میں از روئے موجوں کے

وَاَطْوَفَ الْعَاكِفِيْنَ فِىْ كَعْبَةِ الْمَحَبَّةِ وَالذَّوْقِ وَالصَّلٰوةُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ

اور طواف کرایا محبّت و ذوق کے کعبہ میں معتکف لوگوں کو اور صلوٰۃ ہو محمّد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور

كَانَ وُجُوْدُهٗ سَبَبًا لِّلنَّجَاتِ عَنْ تَلَاطُمِ الْاَمْوَاجِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الَّذِيْنَ

آپ کا وجود سبب موجب تھا امواج کے تھپیڑوں سے نجات کا اور آپ کی آل و اصحاب پر جو

هُمْ اَخْيَارُ الْاَحْزَابِ وَالْاَفْوَاجِ اَللّٰهُمَّ عَافِنِىْ وَاغْفِرْ لِىْ ذُنُوْبِىْ وَذُنُوْبَ

بہتر ہیں تمام جماعتوں اور لشکروں سے۔ اے اللہ مجھے عافیت دے اور میرے گناہ بخش اور

جَمِيْعِ الْحَاضِرِيْنَ مِنَ الذُّنُوْبِ الصَّغَآئِرِ وَالْكَبَآئِرِ الْاَكْبَرِ لِمَا قَبْلَهَا

تمام حاضرین کے صغیرہ ہوں یا کبیرہ اور اکبر یعنی شرک و کفر، پہلے ہوں

وَمَا بَعْدَهَا اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

یا پچھلے، میں ایمان لایا ساتھ اللہ تعالیٰ کے اور اس کے ملائکہ اور کتب و رسل پر اور قیامت کے دن پر

وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ اٰمَنْتُ

اور اچھی و بری تقدیر کے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہونے پر اور موت کے بعد جی اُٹھنے پر۔ میں ایمان لایا

بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَقَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ اَللّٰهُمَّ

اللہ تعالیٰ کے ساتھ جیسے کہ ہے وہ اپنے اسماء و صفات کے ساتھ اور میں نے اس کے تمام احکام قبول کئے۔ اے اللہ

يَا ذَا الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ وَالْمُلْكِ الْقَدِيْمِ وَالْعَطَآءِ الْعَمِيْمِ وَالصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ

اے بزرگ عرش والے، اے قدیم شہنشاہ اے عطائے عام والے۔ اے صراطِ مستقیم والے

يَا مُرْسِلَ الرِّيَاحِ وَيَا خَالِقَ الْاِصْبَاحِ يَا ذَا الْجُوْدِ وَالْاِكْرَامِ وَارْحَمْنِىْ وَ

اے بارانی ہواؤں کے بھیجنے والے۔ اے سپید ہائے سحر کے پیدا کرنے والے۔ اے جود و اکرام والے مجھ پر رحم فرما

اَفْرِدْنِىْ وَاحْضِرْنِىْ بَيْنَ يَدَيْكَ وَاعْتِمَادِىْ عَلَيْكَ وَتَضَرُّعِىْ اِلَيْكَ وَ

مجھے منفرد بنا اور مجھے اپنے حضور حاضری کا اشرف بخش اور میرا بھروسہ تجھی پر ہے اور زاری تیری طرف ہے اور

اَسْئَلُكَ اَنْ تُسَهِّلَ عَلَيَّ كُلَّ عَسِيْرٍ وَّ تَمْنَعَ عَنِّيْ كُلَّ حَاسِدٍ وَّ غَيْبِ

میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ مجھ پر آسان فرمائے ہر مشکل کو اور روکے مجھ سے ہر حسد والے کو اور غائب فرمائے

عَنِّيْ مَرَضِيْ وَشِدَّةَ بَلِيَّتِيْ وَكُلَّ عِلَّةٍ يَا سُبُّوْحُ يَا قُدُّوْسُ يَا رَبَّ

مجھ سے ہر مرض کو اور بلاؤں کی شدت کو اور ہر عارضہ کو۔ اے سبوح۔ اے قدوس۔ اے رب

الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ يَمْلِيْخَا مَكْسَلْمِيْنَا كَشْفُوْطَطْ تَبْيُوْنُسْ كَشَافِطْ يُوْنُسْ

تمام ملائکہ کے اور روح اعظم (جبرئیل) کے (اور اصحاب کہف کے یعنی) یملیخا، مکسلمینا، کشفوطط، تبیونس، کشافط، یونس

اَذْرَفِطْ يُوْنُسْ يُوَانِسْ بُوْسْ اِسْمُ كَلْبِهِمْ قِطْمِيْرُ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ

آذرفط۔ یونس، یوانس، بوس (کے) ان کے کتے کا نام قطمیر ہے جو اپنے بازو پھیلائے ہوئے ہے

وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ اَعُوْذُ بِكَ وَبِعِزَّةِ اللّٰهِ وَ

صحن غار میں۔ اور اللہ کے ذمہ کرم پر ہے درمیانی راستہ (کی رہنمائی) جبکہ بعض راہیں ٹیڑھی ہیں اور میں پناہ طلب کرتا ہوں بطفیل تیری ذات

قُدْرَةِ اللّٰهِ وَعَظَمَةِ اللّٰهِ وَبَطْشِ اللّٰهِ وَكِبْرِيَآءِ اللّٰهِ وَجَلَالِ

اور تیری عزت و قدرت اور عظمت و مؤاخذہ اور کبریائی و جلال کے

اللّٰهِ وَجَمَالِ اللّٰهِ وَكَمَالِ اللّٰهِ وَحِرْزِ اللّٰهِ وَصُنْعِ اللّٰهِ وَكَنَفِ

اور جمال و کمال اور حفظ و پناہ اور تیری کاریگری اور پہلوئے رحمت کے

اللّٰهِ مِنْ حُبِّ خَلْقِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

مخلوق کی محبت سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْهُمَامِ الْهَاشِمِيِّ الَّذِيْ جَعَلْتَ سَبَبَ الْاِيْجَادِ ظُهُوْرَهٗ

محمد پر جو محبوب بلند ہمت ہاشمی ہیں جن کے ظہور کو تونے سبب ایجاد بنایا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْيَاسِيْنِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو یٰسین کی شان والے ہیں

وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ الَّذِيْ اَيَّدْتَّهٗ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَسَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ

اور مجسم قرآن حکیم ہیں جن کو تونے تائید و تقویت بخشی قرآن عظیم اور سات تکرار کی جانے والی آیات (سورہ فاتحہ) کے ساتھ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْيَعْسُوْبِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو رئیس و پیشوا،

الْيَتِيْمِ الَّذِيْ اٰتَانَا بِشَرِيْعَةٍ مُّشَيَّدَةِ الْاَرْكَانِ وَالْمَبَانِيْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

در یتیم ہیں جو لائے ہمارے پاس ایسی شریعت جو مستحکم دیواروں اور بنیادوں والی ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ظُهُوْرِكَ الْاَتَمِّ وَنُوْرِكَ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو تیرے ظہور کامل اور نور اولین

الْاَقْدَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّهْبَطِ

ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو انوار رحمانیہ

اَنْوَارِ الرَّحْمَانِيَّةِ وَمَحْرَمِ اَسْرَارِ الرَّبَّانِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

کا مقام نزول ہیں اور اسرار ربانیہ کے محرم ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

